# مثالی پیکر



۱۔ دیے گئے جُملوں میں سے فاعل اور مفعول الگ الگ لکھیے۔

| جُملے | فاعل | مفعول |
|---|---|---|
| یاسر نے خط لکھا۔ | | |
| لڑکے نے گیند پھینکی۔ | | |
| استاد نے کہانی سُنائی۔ | | |
| امّی نے کباب بنائے۔ | | |
| بانو نے تقریر کی۔ | | |
| چڑیا نے دانہ کھایا۔ | | |
| آدمی نے دروازہ کھولا۔ | | |
| نانا جان نے راشد کو دُعا دی۔ | | |
| بِلّی نے چُوہے کو ڈرایا۔ | | |
| بچّوں نے کمرے کی صفائی کی۔ | | |

۲۔ دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ میں دُرست مفعول لکھیے۔

تصویر | پانی | پھول | دیوار | بچّے

(ا) بچّی نے ______________ توڑا۔

(ب) ماں نے ______________ کو سُلایا۔

(ج) مصوّر نے ______________ بنائی۔

(د) بکری نے ______________ پیا۔

(ہ) مزدور نے ______________ بنائی۔



OXFORD UNIVERSITY PRESS

۳۔ دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ میں دُرست فاعل لکھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| درزی | مالک | امّی | مریض | استاد |

(ا) ______________ نے کیک بنایا۔

(ب) ______________ نے سبق پڑھایا۔

(ج) ______________ نے کُرتا سیا۔

(د) ______________ نے چوکی دار کو چابی دی۔

(ہ) ______________ نے دوا کھائی۔